دارالحدیث راجووال تعارف و خدمات

عبدالرحمن محسن

دارالحدیث راجووال حکومت پاکستان کی طرف سے رجسٹرڈ (۹۶۶۳_۳_۳_۸_۲_۸/R-P ۱۳۵۸) ایک غیر سرکاری اور غیر سیاسی خالصۃً دینی' تعلیمی اور رفاہی ادارہ ہے' جو کہ وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان سے باقاعدہ ملحق ہے۔ (الحاق نمبر ۱۸۲_۱۰۰)

محل وقوع

یہ ادارہ صوبہ پنجاب کے ضلع اوکاڑہ میں قصور' دیپالپور روڈ پر قدیم شہر نما قصبہ راجووال میں برلب سڑک واقع ہے اور یہاں سے بڑے بڑے شہروں کیلئے ٹرانسپورٹ میسر ہے۔

سنگ بنیاد

ملک عزیز پاکستان کے معرض وجود میں آنے کے صرف دو سال بعد ۱۹۴۹ء میں شیخ الحدیث مولانا محمد یوسف حفظہ اللہ نے جھونپڑیوں اور درختوں کے سایہ میں یہ قندیل علم روشن کی اور بعد میں امامانِ وقت شیخ الاسلام حافظ عبداللہ محدث روپڑی (متوفی ۱۹۶۴ء) اور محدث العصر حافظ محمد گوندلوی (متوفی ۱۹۸۵ء) نے اپنے مبارک ہاتھوں سے سنگ بنیاد رکھا اور دعا فرمائی۔ پھر عبداللہ سلیم مرحوم ایم اے' بی ایڈ (متوفی ۱۹۹۳ء) جیسے لائق و فائق منتظم ہاتھوں عروج کی منزلیں طے کرتا رہا۔

شعبہ جات

حسن انتظام وانصرام کی خاطر ادارہ سات شعبہ جات میں منقسم ہے

☆ ناظرہ قرآن مجید ☆ درس نظامی ☆ تحفیظ القرآن الکریم ☆ تفسیر القرآن ☆ دعوت وارشاد

☆ اسلامیہ کالج ☆ طبع وتالیف

خدمات کا اجمالی جائزہ

دارالحدیث راجووال نصف صدی سے زائد عرصہ پر مشتمل اپنی خدمات کی ایک تاریخ رکھتا ہے۔ گوناگوں خدمات کے نمایاں پہلو اجمالاً درج ذیل ہیں۔

- دارالحدیث نے شعبہ تفسیر و درس نظامی کے مختلف مراحل سے تقریباً ایک ہزار طلباء کو فیضیاب کیا۔
- دارالحدیث میں تقریباً پانچ صد طلباء نے قرآن مجید حفظ کیا۔
- دارالحدیث میں تقریباً تین ہزار بچوں اور چار ہزار بچیوں نے ناظرہ قرآن پڑھا۔
- دارالحدیث میں پچاس سے زائد سالانہ کانفرنسز منعقد ہوئیں۔ یہ کانفرنسز حجیت حدیث' قرآن وسنت' ختم نبوت' حرمین شریفین و دیگر عنوانات کے تحت ہوتی رہیں اور ان سے اصلاح عقائد کی راہ ہموار ہوئی۔ علاقہ میں توحید وسنت کی شمعیں روشن ہوئیں اور ایک روحانی انقلاب برپا ہوا۔
- دارالحدیث وہ پہلا ادارہ ہے جسے پاکستان میں از سر نو دورہ تفسیر متعارف کروانے اور اس مقصد کیلئے حضرت مولانا حافظ عبداللہ بڈھیمالوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۹۸۷ء)' مولانا عبدہ الفلاح رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۲۰۰۴ء)' مولانا محمد حافظ محمد اسحاق حسینوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۲۰۰۲ء)' مولانا قدرت اللہ فوق رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۹۹۹ء)' حضرت حافظ ثناء اللہ مدنی حفظہ اللہ اور مولانا عبداللہ امجد چھتوی حفظہ اللہ جیسے کبار شیوخ کی خدمات حاصل کرنے کا شرف حاصل ہے۔
- دارالحدیث کے تعاون سے علاقہ میں بیسیوں مساجد تعمیر ہوئیں۔

اشاعتی خدمات

دارالحدیث کے شعبہ طبع وتالیف نے چھوٹی بڑی تیس سے زائد کتب شائع کیں۔ چند کتب کے نام درج ذیل ہیں۔

۱۔ ابراء اہل الحدیث والقرآن — حافظ عبداللہ محدث غازی پوری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۹۱۸ء)